[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

# A
# BILL

*to provide for the establishment of a comprehensive mechanism to prevent, detect, and control the production, circulation, and distribution of counterfeit currency in Pakistan, and to ensure coordination among relevant institutions for the protection of the national economy and financial integrity*

**WHEREAS** the production, possession, circulation, and distribution of counterfeit currency constitute a serious economic offence, undermining the monetary system, public confidence, and financial stability of the Islamic Republic of Pakistan;

**AND WHEREAS** the existing legal framework has proved inadequate owing to weak enforcement, lack of institutional coordination, and the absence of a centralized mechanism for effective prevention and investigation;

**AND WHEREAS** it is expedient and in the public interest to establish an autonomous authority to prevent, detect, investigate, and eradicate the menace of counterfeit currency, to ensure coordination among the State Bank of Pakistan, the Federal Investigation Agency, law enforcement bodies, and other relevant institutions, and to safeguard the integrity of the national currency and public trust;

It is hereby enacted as follows:

1. **Short Title and Commencement.-** (1) This Bill may be called the National Counterfeit Currency Control Authority Bill, 2025.

(2) It shall extend to the whole of Pakistan.

(3) It shall come into force at once.

**2. Definitions.-** In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context. —

a) **"Authority"** means the National Counterfeit Currency Control Authority (NCCCA) established under this Act;

b) **"Counterfeit currency"** means any banknote, coin, or other instrument of monetary value that is forged, altered, or manufactured without the authorization of the State Bank of Pakistan;

c) **"Chairman"** means the head of the Authority appointed by the Federal Government under the provisions of this Act;

d) **"Member institutions"** mean the State Bank of Pakistan (SBP), Federal Investigation Agency (FIA), Police, Customs, and the National Database and Registration Authority (NADRA);

e) **"Federal Government"** means the Government of the Islamic Republic of Pakistan;

f) **"Investigation"** means any inquiry, inspection, surveillance, or examination conducted by the Authority or any member institution for the purpose of detecting, preventing, or prosecuting counterfeit currency offences;

g) **"Financial institution"** means any bank, scheduled bank, microfinance institution, or other institution licensed or regulated by the SBP;

h) **"Public awareness measures"** include campaigns, programs, or technologies introduced by the Authority or member institutions to educate the public on the identification and prevention of counterfeit currency;

i) **"Verification mechanism"** means any device, application, software, or method introduced or approved by the Authority for detecting counterfeit currency;

j) **"Cross-border currency movement"** means the import, export, or transfer of currency notes or coins into or out of Pakistan;

k) **"Offence"** means any act relating to the production, circulation, possession, or trafficking of counterfeit currency punishable under this Act or any other law in force;

l) **"Property"** means movable or immovable property, including assets, equipment, and records held or acquired by the Authority in the performance of its functions;

m) **"Regulations"** mean rules, orders, or guidelines made under this Act by the Authority or the Federal Government;

n) **"Authorized officer"** means any officer of the Authority or a member institution empowered to exercise powers under this Act for investigation, search, seizure, or enforcement purposes;

o) **"Stakeholder"** means any institution, organization, or individual involved in currency management, financial regulation, law enforcement, or public protection relating to counterfeit currency;

p) **"Reporting"** means the submission of information, returns, or reports by the Authority or member institutions to Parliament, the Federal Government, or other relevant authorities as required under this Act; and

q) **"Coordination"** means the structured cooperation and sharing of information between the Authority, member institutions, and other relevant agencies for effective prevention and control of counterfeit currency.

**3. Establishment of the Authority.-** (1) The Federal Government shall, by notification in the official Gazette, establish an autonomous body to be known as the National Counterfeit Currency Control Authority (NCCCA) for the purposes of preventing, detecting, investigating, and eradicating counterfeit currency, ensuring inter-agency coordination, and safeguarding the integrity of Pakistan's currency system.

(2) The Authority shall be a body corporate with perpetual succession and a common seal, capable of:

a) suing and being sued in its corporate name;

b) acquiring, holding, leasing, and disposing of property, both movable and immovable;

c) entering into contracts or agreements necessary for the performance of its functions;

d) borrowing or raising funds, subject to the approval of the Federal Government; and

e) investing its funds in accordance with directions issued by the Federal Government; and

f) performing all acts necessary for carrying out the functions, powers, and objectives conferred upon it under this Act.

(3) The Authority shall function as an autonomous entity, independent in its operational, administrative, and financial matters, while remaining accountable to the Federal Government and Parliament through submission of annual and periodic reports.

(4) The Authority may establish regional or field offices across Pakistan, in coordination with member institutions, to ensure effective enforcement, investigation, and monitoring of counterfeit currency activities at the federal, provincial, and district levels.

(5) The Authority may, with the prior approval of the Federal Government, form advisory committees or expert panels comprising representatives from financial institutions, law enforcement agencies, and technical experts to advise on matters relating to security features, public awareness, investigation techniques, and technology adoption.

(6) The Authority shall have the power to delegate specific functions or powers to its officers, staff, or authorized representatives for the efficient performance of its duties, provided that such delegation is consistent with the provisions of this Act and any rules made thereunder.

(7) The Authority shall operate under financial, administrative, and audit provisions prescribed under this Act, with its accounts audited annually by the Auditor General of Pakistan, and submit a comprehensive report to Parliament regarding its activities, achievements, and challenges in combating counterfeit currency.

**4. Functions and Powers of the Authority.-** The Authority shall have the following functions and powers for the prevention, detection, and eradication of counterfeit currency, and for safeguarding the integrity of Pakistan's monetary system:

**a)** Investigate, detect, and prevent counterfeit currency offences, including production, circulation, possession, trafficking, or use of counterfeit notes and coins;

**b)** Coordinate and collaborate with the Federal Investigation Agency (FIA), Police, Customs, intelligence agencies, and other relevant authorities to dismantle networks engaged in counterfeiting and related criminal activities;

**c)** Recommend new or enhanced security features for currency notes and coins to the State Bank of Pakistan, including designs, materials, and technology-based safeguards;

**d)** Introduce, implement, and promote verification mechanisms, including mobile applications, electronic devices, online platforms, and other technologies, for use by the general public, businesses, and financial institutions to authenticate currency;

**e)** Monitor cross-border inflows and outflows of counterfeit currency in collaboration with Customs, NADRA, and other relevant authorities, and take measures to prevent illegal import or export of counterfeit money;

**f)** Conduct inspections, audits, and compliance checks of financial institutions, banks, money exchange operators, and other entities handling currency to ensure adherence to anti-counterfeiting measures;

**g)** Develop and implement public awareness programs, including campaigns, workshops, training sessions, and educational material to inform the public and institutions about counterfeit currency detection and prevention;

**h)** Provide technical assistance and capacity-building support to law enforcement agencies, Customs, and other member institutions for investigation, prosecution, and enforcement actions;

**i)** Maintain a centralized database and intelligence repository on counterfeit currency incidents, offenders, and trends, and share relevant information with member institutions and the Federal Government;

**j)** Advise the Federal Government on policy matters, regulatory frameworks, and legislative amendments required to strengthen anti-counterfeiting measures;

**k)** Undertake research and development in technologies, processes, and strategies to prevent, detect, and combat counterfeiting, including collaboration with domestic and international experts and organizations;

**l)** Coordinate with international agencies and foreign governments to address cross-border counterfeit currency threats, share intelligence, and participate in global initiatives;

**m)** Prepare and submit annual and periodic reports to the Parliament and the Federal Government detailing activities, investigations, enforcement actions, and recommendations;

n) Regulate and monitor the use of counterfeit detection tools and devices within financial institutions and commercial entities;

o) Exercise powers of search, seizure, and investigation as authorized under this Act, in coordination with other law enforcement agencies; and

p) Perform any other functions necessary for the effective prevention, detection, and control of counterfeit currency, and to achieve the objectives of this Act as may be assigned by the Federal Government.

**5. Structure of the Authority.-** (1) The Authority shall be headed by a Chairman, appointed by the Federal Government for a term of three years, who shall be responsible for the overall administration, supervision, and strategic direction of the Authority and exercise such powers as may be conferred under this Act.

(2) The Authority shall have members comprising representatives from the following institutions:

a) State Bank of Pakistan (SBP);

b) Federal Investigation Agency (FIA);

c) Police;

d) Customs; and

e) National Database and Registration Authority (NADRA).

(3) The Chairman may, with the approval of the Federal Government, co-opt additional experts or advisors from law enforcement, forensic science, currency printing, banking, and technology sectors to provide technical, operational, and policy guidance.

(4) The Authority may appoint officers, employees, and experts, including administrative, investigative, financial, technical, and legal personnel, as may be necessary for the efficient performance of its functions, on terms and conditions as determined by the Authority in consultation with the Federal Government.

(5) The Authority shall establish divisions or departments to oversee specific functional areas, including but not limited to:

a) Investigation and Enforcement Division;

b) Research and Development Division (focusing on security features, technology, and counterfeiting trends);

c) Public Awareness and Outreach Division;

d) Intelligence and Data Analysis Division; and

e) Administration and Finance Division.

(6) The Authority may establish regional or provincial offices in coordination with member institutions to ensure effective monitoring, investigation, and enforcement across Pakistan.

(7) The Authority shall have the power to delegate responsibilities and functions to its officers, experts, or regional units, provided that such delegation does not contravene the provisions of this Act or the rules made thereunder.

(8) The Authority shall operate under a governance framework approved by the Federal Government, ensuring accountability, transparency, and compliance with financial, administrative, and audit regulations, including annual audits by the Auditor General of Pakistan.

(9) The Chairman, members, and employees of the Authority shall act in accordance with the principles of integrity, impartiality, and confidentiality, and shall be subject to applicable codes of conduct and service rules prescribed by the Federal Government.

**6. Budget and Audit.-** (1) The funds of the Authority shall comprise:

a) grants allocated by the Federal Government;
b) contributions or support from the State Bank of Pakistan; and
c) donations, endowments, or other financial resources approved by the Federal Government for the purposes of this Act.

(2) The Authority shall maintain proper accounts and records in such form and manner as may be prescribed under the rules made by the Federal Government, ensuring transparency, accuracy, and accountability in the utilization of funds.

(3) The Auditor General of Pakistan shall conduct an annual audit of the Authority's accounts, and the Authority shall furnish all relevant records, statements, and information required for the audit.

(4) The Authority shall submit its audited accounts along with an annual financial report to the Federal Government and Parliament, highlighting expenditures, financial performance, and fund utilization in accordance with applicable financial rules and regulations.

(5) The Authority may, with the approval of the Federal Government, invest any surplus funds in secure and approved financial instruments to optimize resource utilization, provided such investments do not compromise the objectives of this Act.

**7. Rule-Making Power.-** (1) The Federal Government may, by notification in the official Gazette, make rules for the implementation, administration, and effective enforcement of the provisions of this Act.

(2) Such rules may, without prejudice to the generality of the foregoing, provide for:

a) the procedure for the functioning of the Authority and its officers;
b) the terms and conditions of appointment, service, and conduct of employees, experts, and advisors of the Authority;
c) the form and manner of maintaining accounts, records, and reports, including submission to the Federal Government and Parliament;
d) the procedures for investigation, detection, verification, and monitoring of counterfeit currency;
e) the use, management, and safeguarding of funds, property, and assets of the Authority;
f) the establishment and functioning of regional or field offices, advisory committees, or specialized units; and
g) any other matter required for carrying out the purposes of this Act effectively.

(3) All rules made under this section shall be laid before both Houses of Parliament as soon as may be after notification.

**8. Special Courts.-** (1) The Federal Government, in consultation with the High Courts, may, by notification in the official Gazette, establish Special Courts for the trial of offences relating to counterfeit currency under this Act or any other law in force.

(2) The Special Courts shall have jurisdiction over all matters connected with the investigation, prosecution, and adjudication of counterfeit currency offences and may exercise powers necessary for the effective administration of justice.

(3) Such Courts shall endeavour to conclude trials expeditiously, and, wherever possible, within six months from the date of taking cognizance of an offence, while ensuring that due process and fair trial standards are strictly observed.

(4) The Federal Government may, in consultation with the High Courts, frame rules and procedures governing the functioning of the Special Courts, including the assignment of judges, appointment of prosecutors, and case management protocols, to ensure efficient and timely disposal of cases.

(5) Decisions of the Special Courts shall be appealable in accordance with the law, without prejudice to any provision relating to summary trials or expedited procedures under this Act or other applicable laws.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Counterfeit currency constitutes an act of economic sabotage, undermining Pakistan's financial stability and public confidence. Existing legal provisions have proven inadequate due to weak enforcement and lack of institutional coordination.

This Bill seeks to establish an autonomous National Counterfeit Currency Control Authority (NCCCA) to unify institutional efforts, strengthen enforcement, enhance inter-agency coordination, and protect the public interest. Annual reporting to Parliament will ensure transparency and accountability in the Authority's operations.

**SD/-**
**MS. SHAHIDA REHMANI**
**Member, National Assembly**

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

پاکستان میں جعلی کرنسی کی تیاری، گردش اور تقسیم کے انسداد، سراغ رسانی اور کنٹرول کے لیے ایک جامع نظام کے قیام، اور قومی معیشت و مالیاتی سالمیت کے تحفظ کے لیے متعلقہ اداروں کے مابین ہم آہنگی کو یقینی بنانے کیلئے احکام وضع کرنے کا بل۔

**چونکہ** جعلی کرنسی کی تیاری، تحویل، گردش اور تقسیم ایک سنگین معاشی جرم ہے جو اسلامی جمہوریہ پاکستان کے مالیاتی نظام، عوامی اعتماد اور معاشی استحکام کو نقصان پہنچاتا ہے؛

**اور چونکہ** موجودہ قانونی ڈھانچہ کے کمزور نفاذ، ادارہ جاتی ربط کے فقدان اور مؤثر انسداد اور تحقیقات کے لئے ایک مرکزی نظام کی عدم موجودگی کے باعث ناکافی ثابت ہوا ہے؛

**اور چونکہ** یہ قرین مصلحت ہے اور عوامی مفاد میں ہے کہ جعلی کرنسی کے انسداد، انکشاف، تحقیقات اور تدارک کو یقینی بنایا جائے، نیز اسٹیٹ بینک آف پاکستان، وفاقی تحقیقاتی ادارہ، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور دیگر متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر ہم آہنگی پیدا کی جائے اور قومی کرنسی کی سالمیت اور عوامی اعتماد کا تحفظ کیا جاسکے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے۔

1۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔** (1) یہ بل **قومی اتھارٹی برائے انسدادِ جعلی کرنسی بل، 2025ء** کے نام سے موسوم ہو گا۔

(2) اس کا اطلاق پورے پاکستان پر ہو گا۔

(3) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

2۔ **تعریفات۔**

بجز اس کے کہ متن یا سیاق میں کوئی بات اس کے منافی ہو۔۔

**الف)** "اتھارٹی" سے مراد ایکٹ ہذا کے تحت قائم کردہ قومی اتھارٹی برائے انسدادِ جعلی کرنسی (NCCCA) ہے؛

**ب)** "جعلی کرنسی" سے مراد کوئی بھی بینک نوٹ، سکّہ یا مالی قدر رکھنے والی کوئی بھی دستاویز ہے جو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی اجازت کے بغیر جعلی طور پر تیار، تبدیل یا جعل سازی کے ذریعے بنایا گیا ہو؛

**ج)** "چیئرمین" سے مراد ایکٹ ہذا کی تصریحات کے تحت وفاقی حکومت کی طرف سے مقرر کردہ اتھارٹی کا سربراہ ہے؛

**د)** "رُکن ادارے" سے مراد اسٹیٹ بینک آف پاکستان، وفاقی تحقیقاتی ادارہ (FIA)، پولیس، کسٹمز اور نادرا (NADRA) ہیں؛

**ہ)** "وفاقی حکومت" سے مراد اسلامی جمہوریہ پاکستان کی حکومت ہے؛

**و)** " تحقیقات" سے مراد کوئی بھی تفتیش، معائنہ، نگرانی یا تصدیقی عمل ہے جو اتھارٹی یا کسی رُکن ادارے کی جانب سے جعلی کرنسی سے متعلق جرائم کی روک تھام، سراغ رسانی یا استغاثہ کے لیے کیا جائے؛

ز) "مالیاتی ادارہ" سے مراد کوئی بھی بینک، شیڈولڈ بینک، مائیکرو فنانس ادارہ یا وہ ادارہ ہے جو اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے لائسنس یافتہ یا اس کے زیرِ انضباط ہو؛

ح) "عوامی آگاہی اقدامات" سے مراد وہ مہمات، پروگرام یا ٹیکنالوجیز ہیں جو اتھارٹی یا اس کے رُکن ادارے عوام کو جعلی کرنسی کی پہچان اور اس سے بچاؤ کے طریقوں سے آگاہ کرنے کے لیے متعارف کروائیں۔

ط) "تصدیقی طریقہ کار" سے مراد کوئی بھی آلہ، نظام، اپلی کیشن، سافٹ ویئر یا ایسا طریقہ ہے جو اتھارٹی جعلی کرنسی کی شناخت کے لیے متعارف کرائے یا منظور کرے۔

ی) "سرحد پار زرِ مبادلہ کی نقل و حرکت" سے مراد پاکستان میں کرنسی نوٹ یا سکّوں کا باہر سے آنا، باہر بھیجنا یا ان کا سرحدوں کے ذریعے منتقل کیا جانا ہے۔

ک) "جرم" سے مراد جعلی کرنسی کی تیاری، گردش، ملکیت، فروخت، ذخیرہ، ترسیل یا اس سے متعلق کوئی بھی ایسا عمل ہے جو اس قانون یا کسی دیگر نافذ قانون کے تحت قابل سزا ہو۔

ل) "جائیداد" سے مراد منقولہ یا غیر منقولہ املاک، ساز و سامان، ڈیٹا یا ریکارڈ ہے جو اتھارٹی اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران حاصل کرے، استعمال کرے یا اپنے قبضے میں رکھے۔

م) "ضابطے" سے مراد وہ قواعد، احکامات یا ہدایات ہیں جو اس قانون کے تحت اتھارٹی یا وفاقی حکومت جاری کرے۔

ن) "مجاز افسر" سے مراد اتھارٹی یا رکن ادارے کا کوئی بھی ایسا افسر ہے جسے اس قانون کے تحت تحقیق، تلاش، ضبطی یا نفاذ کے اختیارات حاصل ہوں۔

س) "شراکت دار" سے مراد ہر وہ ادارہ، تنظیم یا فرد ہے جو کرنسی کے انتظام، مالیاتی نظم، قانون نافذ کرنے یا عوامی تحفظ سے متعلق سرگرمیوں میں شامل ہو۔

ع) "رپورٹنگ" سے مراد وہ تمام معلومات، رپورٹس یا بیانات ہیں جو اتھارٹی یا رکن ادارے پارلیمان، وفاقی حکومت یا دیگر متعلقہ حکام کو اس قانون کے مطابق جمع کروائیں۔

ف) "رابطہ کاری" سے مراد اتھارٹی، رکن اداروں اور دیگر متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط تعاون اور معلومات کے تبادلے کا نظام ہے تاکہ جعلی کرنسی کی روک تھام اور کنٹرول مؤثر طریقے سے ہو سکے۔

3۔ **اتھارٹی کا قیام۔-** (1) وفاقی حکومت، سرکاری جریدے میں نوٹیفکیشن کے ذریعے، ایک خود مختار ادارہ قائم کرے گی جسے **قومی اتھارٹی برائے انسداد جعلی کرنسی** کہا جائے گا۔ اس اتھارٹی کا مقصد جعلی کرنسی کی روک تھام، نشاندہی، تحقیق، تفتیش، تدارک، بین الاداراتی رابطہ کاری کو مضبوط بنانا اور پاکستان کے کرنسی نظام کے استحکام کو یقینی بنانا ہو گا۔

(2) اتھارٹی ایک خود مختار کارپوریٹ ادارے کی حیثیت رکھے گی، جسے دائمی تسلسل حاصل ہو گا اور اس کی اپنی سرکاری مہر (Seal) ہو گی۔ اتھارٹی کو درج ذیل اختیارات حاصل ہوں گے:

**(الف)** اپنے کارپوریٹ نام کے تحت مقدمہ دائر کرنا یا اس کے خلاف مقدمہ دائر کیا جانا؛

(ب) منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد کا حصول، ملکیت، لیز پر لینا یا فروخت و منتقلی؛

(ج) اپنے فرائض کی انجام دہی کے لیے ضروری معاہدات یا انتظامات کرنا؛

(د) وفاقی حکومت کی منظوری سے قرض لینا یا فنڈز اکٹھے کرنا؛

(ہ) اپنے مالی وسائل کو وفاقی حکومت کی ہدایات کے مطابق سرمایہ کاری میں استعمال کرنا؛ اور

(و) اس قانون کے تحت دیے گئے اختیارات، فرائض اور مقاصد کی تکمیل کے لیے تمام ضروری اقدامات کرنا۔

(3) اتھارٹی اپنے انتظامی، عمل کاری اور مالیاتی امور میں مکمل طور پر خود مختار ہوگی، تاہم وہ وفاقی حکومت اور پارلیمان کے سامنے اپنی سالانہ اور میعادی رپورٹس کے ذریعے جواب دہ ہوگی۔

(4) اتھارٹی، رکن اداروں کی مشاورت سے، پاکستان کے وفاقی، صوبائی اور ضلعی سطحوں پر علاقائی یا فیلڈ دفاتر قائم کر سکے گی تاکہ جعلی کرنسی سے متعلق نگرانی، تحقیق، تفتیش اور نفاذ کو مؤثر بنایا جا سکے۔

(5) اتھارٹی، وفاقی حکومت کی پیشگی منظوری سے، مالیاتی اداروں، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور تکنیکی ماہرین پر مشتمل مشاورتی کمیٹیاں یا ماہرین کے پینل تشکیل دے سکے گی جو کرنسی کے حفاظتی فیچرز، عوامی آگاہی، تحقیقاتی طریقہ کار اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے متعلق مشاورت فراہم کریں۔

(6) اتھارٹی اپنے فرائض کی مؤثر انجام دہی کے لیے اپنے افسران، عملے یا مجاز نمائندگان کو مخصوص اختیارات یا ذمہ داریاں تفویض کر سکتی ہے، بشرطیکہ یہ تفویض اس قانون اور اس کے تحت بنائے گئے قواعد کے مطابق ہو۔

(7) اتھارٹی کے مالی، انتظامی اور آڈٹ سے متعلق امور اس قانون میں مقرر کردہ طریقہ کار کے مطابق چلائے جائیں گے، اور اس کے حسابات کا سالانہ آڈٹ آڈیٹر جنرل آف پاکستان کرے گا۔ اتھارٹی ہر سال پارلیمان کو جعلی کرنسی کے سدباب سے متعلق اپنی سرگرمیوں، کارکردگی، تفتیشی اقدامات، کامیابیوں اور درپیش چیلنجز کی جامع رپورٹ پیش کرے گی۔

4۔ **اتھارٹی کے فرائض و اختیارات۔** اتھارٹی کو جعلی کرنسی کی روک تھام، نشاندہی، تفتیش، تدارک، اور پاکستان کے مالیاتی نظام کے تحفظ کے لیے درج ذیل فرائض و اختیارات حاصل ہوں گے:

(الف) جعلی کرنسی سے متعلق جرائم — بشمول جعلی نوٹ یا سکّوں کی تیاری، گردش، ملکیت، ترسیل یا استعمال — کی تفتیش، نشاندہی اور روک تھام کرنا؛

(ب) ایف آئی اے، پولیس، کسٹمز، خفیہ اداروں اور دیگر متعلقہ اداروں کے ساتھ رابطہ کاری اور تعاون کے ذریعے جعلی کرنسی کے نیٹ ورکس کو توڑنا اور مجرمانہ سرگرمیوں کا خاتمہ کرنا؛

(ج) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو کرنسی نوٹوں اور سکّوں کے لیے نئے یا بہتر حفاظتی فیچرز، ڈیزائن، میٹریل اور ٹیکنالوجی پر مبنی اقدامات تجویز کرنا؛

(د) عوام، کاروباری اداروں اور مالیاتی اداروں کے لیے کرنسی کی تصدیق کے آلات، موبائل ایپلی کیشنز، الیکٹرانک ڈیوائسز، آن لائن پلیٹ فارمز اور دیگر ٹیکنالوجیز متعارف کرانا، نافذ کرنا اور ان کو فروغ دینا؛

(ہ) کسٹمز، نادرا اور دیگر اداروں کے ساتھ تعاون کے ذریعے جعلی کرنسی کی غیر قانونی درآمد و برآمد کی نگرانی کرنا اور اس سے متعلق اقدامات کرنا؛

(و) بینکوں، مالیاتی اداروں، ایکسچینج کمپنیوں اور دیگر اداروں میں انسدادِ جعلی کرنسی ضوابط پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لیے معائنہ، آڈٹ اور تعمیل کی جانچ کرنا؛

(ز) عوامی آگاہی کے لیے مہمات، ورکشاپس، تربیتی پروگرامز اور تعلیمی مواد تیار اور شائع کرنا تاکہ عوام اور ادارے جعلی کرنسی کی شناخت اور اس سے بچاؤ کے طریقوں سے آگاہ ہوں؛

(ح) قانون نافذ کرنے والے اداروں، کسٹمز اور دیگر رکن اداروں کو تکنیکی مدد اور استعداد کار میں اضافے کی سہولت فراہم کرنا تاکہ تفتیش، استغاثہ اور نفاذ کے اقدامات مؤثر بن سکیں؛

(ط) جعلی کرنسی کے واقعات، ملزمان، رجحانات اور انٹیلی جنس سے متعلق ایک مرکزی ڈیٹا بیس قائم کرنا، اس کی نگرانی کرنا، اور ضرورت کے مطابق معلومات رکن اداروں اور وفاقی حکومت کے ساتھ شیئر کرنا؛

(ی) وفاقی حکومت کو انسدادِ جعلی کرنسی سے متعلق پالیسی معاملات، ریگولیٹری فریم ورک اور قانون سازی میں ترامیم کے بارے میں مشورہ دینا؛

(ک) جعلی کرنسی کی روک تھام، نشاندہی، اور مقابلے کے لیے جدید ٹیکنالوجی، طریقہ کار اور حکمت عملی پر تحقیق و ترقی کرنا اور ملکی و غیر ملکی ماہرین و اداروں کے ساتھ تعاون کرنا؛

(ل) بین الاقوامی اداروں اور غیر ملکی حکومتوں کے ساتھ تعاون، معلومات کا تبادلہ اور عالمی انسدادِ جعلی کرنسی اقدامات میں شمولیت اختیار کرنا؛

(م) سالانہ اور معیادی رپورٹس تیار کرکے پارلیمان اور وفاقی حکومت کو پیش کرنا، جن میں اتھارٹی کی سرگرمیوں، تحقیقات، نفاذی اقدامات اور سفارشات کی تفصیلات شامل ہوں۔

(ن) مالیاتی اداروں اور تجارتی اداروں کے اندر جعلی کرنسی کی جانچ کے آلات اور ڈیوائسز کے استعمال کو ضابطہ بندی اور نگرانی میں رکھنا؛

(س) اس قانون کے تحت دی گئی اتھارٹی کی منظوری کے ساتھ دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے تعاون سے تلاشی، قبضہ، اور تفتیش کے اختیارات استعمال کرنا؛ اور

(ع) جعلی کرنسی کی مؤثر روک تھام، سراغ اور کنٹرول کے لیے وہ تمام افعال سرانجام دینا جو اس قانون کے مقاصد کے حصول کے لیے ضروری ہوں یا وفاقی حکومت کی جانب سے تفویض کیے جائیں۔

5۔ **اتھارٹی کی ہیئت۔** (1) اتھارٹی کی سربراہی ایک چیئرمین کرے گا، جسے وفاقی حکومت تین سالہ مدت کے لیے مقرر کرے گی، اور جو اتھارٹی کی مجموعی انتظامی سربراہی، نگرانی، اور اسٹریٹجک رہنمائی کا ذمہ دار ہوگا، اور وہ تمام اختیارات استعمال کرے گا جو اس قانون کے تحت اسے تفویض کیے گئے ہوں۔

(2) اتھارٹی کے اراکین درج ذیل اداروں کے نامزد نمائندوں پر مشتمل ہوں گے:

الف) اسٹیٹ بینک آف پاکستان(SBP) ؛

ب) وفاقی تحقیقاتی ادارہ(FIA) ؛

ج) پولیس؛

د) کسٹمز؛اور

ہ) نیشنل ڈیٹابیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی(NADRA) ۔

(3) چیئرمین، وفاقی حکومت کی منظوری سے قانون نافذ کرنے والے اداروں، فرانزک سائنس، کرنسی پرنٹنگ، بینکاری، اور ٹیکنالوجی کے شعبوں سے ماہرین یا مشیروں کو شامل کر سکے گا تاکہ تکنیکی، عملیاتی، اور پالیسی مشاورت فراہم کی جا سکے۔

(4) اتھارٹی، اپنے فرائض کی مؤثر انجام دہی کے لیے انتظامی، تفتیشی، مالی، تکنیکی، اور قانونی ماہرین سمیت افسران، ملازمین اور ماہرین کو ایسے شرائط و ضوابط پر تعینات کر سکے گی جو وفاقی حکومت سے مشاورت کے بعد اتھارٹی طے کرے گی۔

(5) اتھارٹی مخصوص شعبہ جات کی نگرانی کے لیے درج ذیل ڈویژنز یا محکمے قائم کر سکے گی:

الف) تفتیش و نفاذ ڈویژن؛

ب) تحقیق و ترقی ڈویژن (سکیورٹی فیچرز، ٹیکنالوجی اور جعلی نوٹوں کے رجحانات پر توجہ کے ساتھ)؛

ج) عوامی آگاہی و رابطہ ڈویژن؛

د) انٹیلی جنس ڈیٹا اینالیسز ڈویژن؛اور

ہ) انتظامیہ و خزانہ ڈویژن۔

(6) اتھارٹی، رکن اداروں کے تعاون سے صوبائی یا علاقائی دفاتر قائم کر سکے گی تاکہ پاکستان بھر میں نگرانی، تفتیش اور نفاذ کو مؤثر بنایا جا سکے۔

(7) اتھارٹی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ اپنی ذمہ داریاں اور افعال اپنے افسران، ماہرین یا علاقائی یونٹس کو تفویض کرے، بشرطیکہ ایسی تفویض اس قانون یا اس کے تحت بنائے گئے قواعد سے متصادم نہ ہو۔

(8) اتھارٹی ایک ایسا حکمرانی فریم ورک کے تحت کام کرے گی جو وفاقی حکومت منظور کرے گی، اور جس کے تحت شفافیت، احتساب، اور مالی، انتظامی اور آڈٹ ضوابط کی مکمل پابندی لازم ہوگی، بشمول آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی جانب سے سالانہ آڈٹ۔

(9) چیئرمین، اراکین، اور اتھارٹی کے ملازمین دیانت داری، غیر جانبداری، اور رازداری کے اصولوں کے مطابق عمل کرنے کے پابند ہوں گے، اور وہ وفاقی حکومت کی طرف سے مقرر کردہ ضابطہ اخلاق اور سروس رولز کے تابع ہوں گے۔

6۔ **بجٹ و آڈٹ۔** (1) اتھارٹی کے فنڈز حسب ذیل پر مشتمل ہوں گے:

الف) وفاقی حکومت کی جانب سے فراہم کی گئی گرانٹس؛

ب) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے تعاون یا مالی معاونت؛ اور

ج) وہ عطیات، وقفے یا دیگر مالی وسائل جو اس قانون کے مقاصد کے لیے وفاقی حکومت کی منظوری سے فراہم کیے جائیں۔

(2) اتھارٹی باقاعدہ کھاتے اور ریکارڈ ایسے طریقہ کار اور شکل میں مرتب کرے گی جو وفاقی حکومت کی جانب سے بنائے گئے قواعد کے تحت مقرر ہوں، تاکہ فنڈز کے استعمال میں شفافیت، درستگی اور جواب دہی یقینی بنائی جا سکے۔

(3) آڈیٹر جنرل آف پاکستان ہر سال اتھارٹی کے حسابات کا آڈٹ کرے گا، اور اتھارٹی آڈٹ کے لیے درکار تمام ریکارڈ، بیانات اور معلومات فراہم کرنے کی پابند ہوگی۔

(4) اتھارٹی اپنے آڈٹ شدہ حسابات، سالانہ مالیاتی رپورٹ کے ساتھ، وفاقی حکومت اور پارلیمنٹ کو پیش کرے گی، جس میں اخراجات، مالی کارکردگی، اور قواعد و ضوابط کے مطابق فنڈز کے استعمال کی تفصیلات شامل ہوں گی۔

(5) اتھارٹی، وفاقی حکومت کی منظوری سے، اپنے زائد مالی وسائل محفوظ اور منظور شدہ مالیاتی آلات میں سرمایہ کاری کر سکتی ہے، بشرطیکہ ایسی سرمایہ کاری اس قانون کے مقاصد سے متصادم نہ ہو۔

7۔ **قواعد سازی کا اختیار۔** (1) وفاقی حکومت سرکاری گزٹ میں اطلاع کے ذریعے اس قانون کے نفاذ، انتظام اور موثر اطلاق کے لیے قواعد بنا سکتی ہے۔

(2) ان قواعد میں، مذکورہ عمومی اختیار کو متاثر کیے بغیر، درج ذیل امور شامل ہو سکتے ہیں:

الف) اتھارٹی اور اس کے افسران کے طریقہ کار؛

ب) ملازمین، ماہرین، اور مشیروں کی تقرری، سروس، اور ضابطہ اخلاق کی شرائط؛

ج) کھاتوں، ریکارڈز، اور رپورٹس کی ترتیب و نگہداشت، بشمول وفاقی حکومت اور پارلیمنٹ کو جمع کروانے کا طریقہ کار؛

د) جعلی کرنسی کی تفتیش، سراغ رسی، تصدیق اور نگرانی کے طریقہ کار؛

ہ) اتھارٹی کے فنڈز، جائیداد اور اثاثہ جات کے استعمال، انتظام اور تحفظ سے متعلق ضوابط؛

و) علاقائی دفاتر، مشاورتی کمیٹیوں یا خصوصی یونٹس کے قیام اور کام کرنے کا طریقہ کار؛ اور

ز) وہ دیگر امور جو اس قانون کے مقاصد کے موثر نفاذ کے لیے ضروری ہوں۔

(3) اس دفعہ کے تحت بنائے گئے تمام قواعد، اشاعت کے بعد جلد از جلد دونوں ایوانوں (قومی اسمبلی اور سینیٹ) کے سامنے پیش کیے جائیں گے۔

8۔ **خصوصی عدالتیں۔** (1) وفاقی حکومت، اعلیٰ عدالتوں سے مشاورت کے بعد، سرکاری گزٹ میں اطلاع کے ذریعے اس قانون یا کسی نافذ العمل قانون کے تحت جعلی کرنسی سے متعلق جرائم کی سماعت کے لیے خصوصی عدالتیں قائم کرسکتی ہے۔

(2) خصوصی عدالتوں کو تفتیش، استغاثہ، اور جعلی کرنسی سے متعلق جرائم کے فیصلوں سے متعلق تمام امور پر دائرہ اختیار حاصل ہوگا، اور وہ ایسے تمام اختیارات استعمال کرسکیں گی جو موثر اور عادلانہ انصاف کی فراہمی کے لیے ضروری ہوں۔

(3) ایسی عدالتیں ممکنہ حد تک، اور جہاں بھی ممکن ہو، کسی مقدمے کی سماعت کا آغاز ہونے کے بعد چھ ماہ کے اندر اندر کارروائی مکمل کرنے کی کوشش کریں گی، اور اس دوران منصفانہ سماعت اور قانونی تقاضوں کی مکمل پاسداری یقینی بنائی جائے گی۔

(4) وفاقی حکومت، اعلیٰ عدالتوں سے مشاورت کے بعد، خصوصی عدالتوں کے طریقہ کار کے لیے قواعد بنا سکے گی، جن میں ججوں کی نامزدگی، پراسیکیوٹرز کی تعیناتی، اور کیس مینجمنٹ کے پروٹوکول شامل ہوں گے، تاکہ مقدمات کی بروقت اور مؤثر سماعت یقینی بنائی جاسکے۔

(5) خصوصی عدالتوں کے فیصلوں کے خلاف اس قانون یا دیگر نافذ العمل قوانین کے تحت مختصر سماعت یا فوری کارروائی کے طریقہ کار سے متاثر ہوئے بغیر، قانون کے مطابق اپیل کی جاسکتی ہے۔

**بیان اغراض و وجوہ**

جعلی کرنسی ایک معاشی تخریب کاری کے مترادف ہے جو پاکستان کے مالی استحکام اور عوامی اعتماد کو نقصان پہنچاتی ہے۔ موجودہ قانونی دفعات کمزور نفاذ اور ادارہ جاتی ہم آہنگی کے فقدان کی وجہ سے ناکافی ثابت ہوئی ہیں۔

اس بل کا مقصد ایک خودمختار قومی اتھارٹی برائے انسداد جعلی کرنسی (NCCCA) قائم کرنا ہے تاکہ ادارہ جاتی کوششوں کو یکجا کیا جاسکے، نفاذ کو مضبوط بنایا جاسکے، بین ادارہ جاتی ہم آہنگی کو فروغ دیا جاسکے، اور عوامی مفاد کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔ پارلیمنٹ کو سالانہ رپورٹنگ کے ذریعے اتھارٹی کی کارروائیوں میں شفافیت اور جوابدہی کو یقینی بنایا جائے گا۔

دستخط/۔

**محترمہ شاہدہ رحمانی**

رکن، قومی اسمبلی